ilmkidunya
علم کی دُنیا

Education - FA Part 1 Education Urdu Medium Chapter 3 Short Questions Preparation

Q1. اسلامی تعلیم کا مرکز محور کیا ہے؟

Ans 1: اسلامی تعلیم کا مرکز محور معرفت الٰہی،اطاعت الہیٰ اور رضائے الہیٰ کا حصول ہے،اسلامی تعلیم ہی فرد کو خدا شناس اور کائنات شناس بناتی ہے جس کی وجہ سے معردت الہی ،اطاعت الہی اور رضائے الہی کے قابل ہوتا ہے.

Q2. علم کے حصول میں اسنادروایات کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: علم کے حصول کا ایک ذریعہ آباؤ اجداد کی طرف سے سینہ یا کتب کی شکل میں وہ روایات ہیں جو ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتی رہی ہیں.اسی طرح مختلف شعبہ ہائے علوم کے ماہرین کی آراء بطور سند پیش کی جاتی ہے اور عوام ان روایات اور اسناد کو علم کے ذریعے کے طور پر تسلیم کرلیتے ہیں.

Q3. معاشرہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرہ افراد کا ایک ایسے بڑے گروہ کانام ہے جن کی زندگی کے بارے میں نظریات،مفادات،رہائشی علاقے،تہذیب ،تمدن اور زندگی گزارنے کے،طریقے ایک جیسے ہوں،ان میں اتحاد کا احساس بھی پایا جاتا ہےہ،جس کی بنیاد پر وہ اپنے آپ کو دوسروں سے الگ تصور کرتے ہوں.

Q4. تعلیم کی تعریف کریں.

Ans 1: تعلیم ایک جامع لفظ ہے جس کا وسیع مفہوم ہے.تعلیم کے ذریعے جہاں طالب علم کو معلومات اور مہارتیں سکھائی جاتی ہیں اور اسے حقائق سےآگاہ کیا جاتا ہے وہاں اس کی تعلیم و تربیت بھی کی جاتی ہے،تعلیم میں وہ تمام معلومات اور تجربات شامل ہیں جو بنی نوع انسان نے آغاز انسانیت سے آج تک تاریخ کے مختلف ادوار میں نسل درنسل منتقل کر کے ہم تک پہنچائے ہیں.

Q5. تعلیم کے سیاسی فوائد سے کیا مراد ہیں؟

Ans 1: تعلیم یافتہ افراد کی سیاست میں شرکت سے سیاسی عمل میں ہمواری پیدا ہوتی ہے،سیاسی ارتقاء کے نتیجے میں مستحکم جمہوری معاشرہ تشکیل پاتا ہے،جہاں عدل و انصاف کی بنیاد پر حقوق و فرائض کی ادائیگی کا اہتمام ہوتا ہے.تعلیم سے احترام آدمیت کے جذبے کو فروغ ملتا ہے.

Q6. اسلامی اخوت و وحدت کی تکمیل کیسے ممکن ہے؟

Ans 1: تمام مسلمان آپس میں اخوت وحدت کے رشتے میں منسلک ہیں،ان میں نظریاتی ہم آہنگی اور فکری و عملی مطابقت کے لیے ضروری ہے کہ معاشرے کی تشکیل و تعمیر اسلامی اخوت بھائی چارے کی بنیاد پر کی جائے جو اسلامی کی قومی و عملی شہادت دے،اس مقصد کے لیے نظری تعلیم کے ساتھ ساتھ عملی تربیت بھی دینا ضروری ہے.

Q7. تعلیم کا معاشی فائدہ کیا ہے؟

Ans 1: تعلیم کے نتیجے میں معاش اور رزق کے وسائل کی دریافت ہوتی ہے انسانوں کے لئے بہتر سہولیات اور آسائش کا سامان مہیا ہوتا ہے،ذرائع مواصلات،ذرائع ابلاغ اور ذرائع آمدورفت کی ترقی،تعلیم ہی کی مرہون منت ہے،تعلیم کے ذریعے افراد معاشرہ کی معاشی حالت بہتر ہوئی ہے.انہیں روزگار کے مواقع میسر آتے ہیں.

Q8. اسلامی تعلیم کے چار بنیادی عناصر لکھیں.

Ans 1: 1.تلاوت قرآن پاک 2.تزکیہ نفس 3.تعلیم حکمت 4.تعلیم کتاب

Q9. پیدائش کے بعد بچہ کیسے معاشرے کا رکن بنتا ہے؟

Ans 1: بچہ جب اس دنیا میں آتا ہے،یہ دنیا اس کے لیے اجنبی ہوتی ہے،آہستہ آہستہ وہ اپنے ماحول سے مانوس ہوجاتا ہے.اپنےاردگرد کے ماحول سے متاثرہو کر وہ ایسی حرکات و اعمال کرتا ہے جن کا وہ اپنے ماحول میں مشاہدہ کرتا ہے اس طرح وہ معاشرے کا رکن بن جاتا ہے.

Q10. تعلیم کے اخلاقی فوائد سے کیامرادہے؟

Ans 1: انسانی اخلاقیات کے لیے علم واضح بنیاد فراہم کرتا ہے،اخلاق ایک قیمتی زیور ہے اور یہ تعلیم کے ذریعے حاصل ہوتا ہے.اعلی اخلاق ہی سے انسان دنیا میں عزت و ناموری حاصل کرتا ہے.تعلیم کے ذریعے اخلاقی تربیت ملتی ہے جس سے انسان صیح معنوں میں انسان بنتا ہے.انسان اخلاقیات کے بغیرمعاشرہ ایک مادی اور حیوانی گروہ کی شکل اختیار کر لیتا ہے.